**27.11.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شبانہ رحمٰن

Music

..........................................................................

☆ مرکز نے ملک میں کم عمر کی شادی کو ختم کرنے کیلئے قومی مہم کا آغاز کیا ہے۔

☆ جھارکھنڈ مکتی مورچہ کے لیڈر ہیمنت سورین کو کل جھارکھنڈ کے وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے حلف دلایا جائے گا۔ مہاراشٹر میں حکومت تشکیل دینے کیلئے بات چیت کا سلسلہ زور و شور سے جاری ہے۔

☆ خلیج بنگال میں ہوا کے گہرے دباؤ کے حلقے کے آج رات سمندری طوفان کی شکل اختیار کرنے کے سبب تمل ناڈو اور پڈوچیری کے ساحلی حصوں میں شدید سے بہت شدید بارش کا امکان ہے۔

☆ بھارت کے گرانڈ ماسٹر گوکیش نے سنگاپور میں عالمی شطرنج چمپئن شپ میں چین کے اپنے حریف کھلاڑی کے خلاف تیسرا گیم جیت کر 14 میچ کی فائنل سیریز برابری پر ختم کی۔

☆ اور...... کرکٹ میں بھارت کے تیز گیند باز جسپریت بُمرا نے ICC درجہ بندی میں ایک مرتبہ پھر پہلا مقام حاصل کرلیا ہے۔

..........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### *Govt Bal Vivah Mukt Bharat*

حکومت نے آج نئی دلّی میں بال وِواہ مُکت بھارت سے متعلق ایک قومی مہم آغاز کیا ہے۔ اِس مہم کا اصل مقصد بھارت میں کم عمر میں شادی کو ختم کرنا ہے۔ اِس مہم کا آغاز کرتے ہوئے خواتین اور بچوں کی ترقی کے محکمے کی وزیر انّ پورنا دیوی نے کہا کہ حکومت نے 130 اضلاع کی نشاندہی کی ہے جہاں اِس مہم پر خاص طور سے توجہ دی جائے گی۔ انہوں نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ کم عمر میں بچوں کی شادی نہ صرف ایک قانونی جرم ہے بلکہ انسانی حقوق کی خلاف ورزی بھی ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ بال وِواہ مکت بھارت مہم، محض 10 یا 15 روز کا کوئی پروگرام نہیں ہے بلکہ یہ سلسلہ بھارت میں کم عمر میں شادی کی لعنت کو ختم کیے جانے تک جاری رہے گا۔

### *Hemant Swering in Ceremony*

جھارکھنڈ میں ہیمنت سورین کی وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے حلف برداری کی تقریب، کل ہوگی۔ گورنر سنتوش کمار گنگوار، رانچی کے Morhabadi میدان میں منعقدہ ایک تقریب میں جناب سورین کو عہدے اور رازداری کا حلف دلائیں گے۔ رانچی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے جناب ہیمنت سورین نے کہا کہ انہوں نے اِس تقریب کیلئے آئی این ڈی آئی اے بلاک کے رہنماؤں کے ساتھ ساتھ وزیر اعظم نریندر مودی اور وزیر داخلہ امت شاہ کو مدعو کیا ہے۔

S/B: Hemant Soren

جھارکھنڈ میں 81 رکنی اسمبلی میں آئی این ڈی آئی اے کو 56 سیٹیں ملی ہیں۔ دوسری جانب BJP کی قیادت والے NDA نے 24 سیٹیں حاصل کی ہیں۔ ایک سیٹ جھارکھنڈ لوک تانترک کرانتی کاری مورچہ کو ملی ہے۔ x

## ***Maha Govt Formation***

مہاراشٹر میں حکومت کی تشکیل کے سلسلے میں بات چیت کا سلسلہ زور و شور سے جاری ہے۔ مہاراشٹر کے کار گزار وزیر اعلیٰ اور شیو سینا کے لیڈر ایکناتھ شندے نے آج کہا کہ اُن کی پارٹی ریاست میں آئندہ وزیر اعلیٰ کے فیصلے کے معاملے میں BJP کی مرکزی قیادت کی حمایت کرے گی۔ تھانے میں میڈیا کے افراد سے بات کرتے ہوئے ایکناتھ شندے نے کہا کہ مرکزی وزیر امت شاہ کے ساتھ میٹنگ کے بعد وزیر اعلیٰ کے نام پر فیصلہ کیا جائے گا۔

2100- Eknath Shinde-decision

نیشنلسٹ کانگریس پارٹی کے سربراہ اجیت پوار نے کہا ہے کہ وہ ایکناتھ شندے اور BJP رہنما دیویندر فڑنویس کے ہمراہ کل دلّی میں ہوں گے، جہاں حکومت تشکیل دینے سے متعلق حتمی فیصلہ کیا جائے گا۔ x

## ***RS LS Adjourned***

ایک مخصوص کاروباری گروپ کے خلاف مبینہ رشوت ستانی کے الزامات سمیت متعدد معاملات پر اپوزیشن ارکان کی ہنگامی آرائی کے دوران پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی دن بھر کے لئے ملتوی کردی گئی۔ آج صبح جب راجیہ سبھا کی کارروائی شروع ہوئی، چیئرمین جگدیپ دھنکھڑ نے ایک مخصوص کاروباری گروپ کے خلاف مبینہ رشوت ستانی معاملے سمیت منی پور اور اترپردیش کے سنبھل میں تشدد کے خلاف اپوزیشن ممبران کے ذریعہ پیش کردہ Rule 267 کے تحت التوا کے نوٹس کو خارج کر دیا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ راجیہ سبھا چیئرمین کے احکام پر عمل کرے۔ اپوزیشن ممبروں نے ساڑھے گیارہ بجے تک ایوان میں ہنگامہ جاری رکھا۔ جب ایوان کی کارروائی دوبارہ شروع ہوئی، اپوزیشن ممبران اور دوسرے لوگوں نے متعدد معاملات پر ہنگامہ کرتے رہے۔

لوک سبھا میں پہلے التوا کے بعد دن کے 12 بجے کارروائی جیسے ہی شروع ہوئی، کانگریس، سماجودی پارٹی، DMK، TMC اور دیگر اپوزیشن پارٹیوں کے ارکان مخصوص کاروباری گروپ اور دیگر معاملات کے خلاف نعرہ لگاتے رہے۔ پریزائڈنگ آفیسر نے ایوان میں کام کاج جاری رکھنے پر زور دیا، جس کی وجہ سے لوک سبھا کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کردی گئی۔ x

**LS Waqf**

اقلیتی امور کے مرکزی وزیر کرن ریجیجو نے آج لوک سبھا کو بتایا کہ ملک کی تقریباً 59 ہزار وقف املاک تجاوزات کی شکار ہیں۔ لوک سبھا میں ایک تحریری جواب میں وزیر موصوف نے کہا کہ دفعات کے مطابق ریاستی وقف بورڈ کے انتظامیہ کو اختیار حاصل ہے کہ وہ غیر قانونی قبضے اور وقف املاک کی تجاوزات کے خلاف قانونی کارروائی کرے۔ x

**BJP EVM Allegations**

BJP نے آج کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے کو الیکٹرانک ووٹنگ مشین سے متعلق اُن کی رائے زنی پر تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ آج نئی دلّی میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے پارٹی کے ترجمان سمبت پاترا نے کہا کہ کانگریس صرف اُسی وقت الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں پر سوالات اٹھاتی ہے جب وہ چناؤ ہار جاتی ہے۔ جناب پاترا نے کہا کہ کانگریس کو تقریباً ہر ریاست میں الگ تھلگ کر دیا گیا ہے۔ جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات میں بھی کانگریس کو BJP سے کم سیٹیں ملی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مہاراشٹر چناؤ میں، جہاں BJP کی قیادت والے مہایوتی نے شاندار کامیابی حاصل کی ہے، وہاں کانگریس کا تقریباً صفایا ہوگیا ہے۔

جناب پاترا نے جناب کھڑگے کی اُس رائے زنی پر بھی اعتراض ظاہر کیا کہ EVM کی وجہ سے درج فہرست ذات و قبائل، دیگر پسماندہ طبقات اور غریب افراد کے ووٹ ضائع ہو رہے ہیں۔ BJP کے ترجمان نے کہا کہ کانگریس کی اِس طرح کی سوچ اِن طبقات کی توہین ہے۔

S/B: Sambit Patra

**Rev IMD Rainfall**

بھارتی موسمیات محکمے نے کہا ہے کہ ہوا کے گہرے دباؤ کا حلقہ سری لنکا کے شمالی ساحل کے نزدیک جنوب مغربی خلیج بنگال میں مرکوز ہے۔ اس کے سبب تمل ناڈو، پڈوچیری اور آندھرا پردیش کے ساحلی علاقوں میں ہفتے کے روز تک شدید سے بہت شدید بارش کا امکان ہے۔ آکاشوانی نیوز سے خصوصی بات چیت میں IMD کے ڈائریکٹر جنرل مرتنجے مہاپاترا نے کہا کہ ہوا کے گہرے دباؤ کا یہ حلقہ، شمال- شمال مغرب کی جانب بڑھ رہا ہے اور آج رات تک اِس کے شدت اختیار کرکے سمندری طوفان کی شکل اختیار کرنے کا امکان ہے۔

S/B: Mrutunjay Mohapatra

اس سمندری طوفان کے ہفتے کی صبح تمل ناڈو کے ساحل کے نزدیک پہنچنے کا امکان ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ اِس کے بعد یہ کمزور پڑ سکتا ہے۔

موسمیات کے محکمے نے ماہی گیروں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ جنوب مغربی خلیج بنگال، تمل نادو، پڈوچیری، آندھرا پردیش اور سری لنکا کے ساحلی حصوں میں سمندر میں نہ جائیں۔

جنوب مغربی خلیج بنگال میں ہوا کے گہرے دباؤ کے حلقے کے سبب طوفان کے زیر اثر سری لنکا میں ہلاکتوں کی تعداد بڑھ کر 4 ہوگئی ہے۔ جزیرے کے محکمۂ موسمیات نے کہا ہے کہ یہ طوفان، مشرقی Trincomalee کے 100 کلومیٹر میں مرکوز ہے اور آج رات بعد میں یہ شدت اختیار کرکے سمندری طوفان کی شکل اختیار کرلے گا۔اس دوران

سری لنکا کی بحریہ اور فضائیہ کی بچاؤ ٹیمیں خراب موسمی صورتحال سے متاثرہ افراد کی مدد کیلئے راحت کارروائیوں میں مصروف ہیں۔x

## India Japan Dialogue

خارجہ سکریٹری وِکرم مِسری نے آج ٹوکیو میں جاپان کے خارجی امور کے نائب وزیر Masataka Okano کے ساتھ اہمیت کے حامل کاروبار اور ٹیکنالوجی سمیت اقتصادی سکیورٹی پر بھارت-جاپان ڈائیلاگ کی مشترکہ طور پر صدارت کی۔ اِس بات چیت میں ، جس کا اعلان ، اِس سال 20 اگست کو نئی دلّی میں بھارت - جاپان 2+2 وزارتی میٹنگ میں کیا گیا تھا، دونوں ہی حکومتوں کی وزارتوں، محکموں، ایجنسیوں کے متعلقہ فریقوں نے شرکت کی۔ اِس میٹنگ سے متعلقہ اقتصادی سکیورٹی پالیسیوں اور شراکت داری کو مستحکم کرنے پر بات چیت کے تبادلے کا ایک موقع فراہم ہوا ہے تاکہ صنعت کی تعمیر اور ٹیکنالوجی سے متعلق لچک کیلئے تحقیق اور اہم ٹیکنالوجیوں کو اپنایا جاسکے۔

طرفین نے اقتصادی مفادات کا تحفظ کرنے اور لچک دار سپلائی چین تیار کرنے نیز شناخت شدہ سیکٹروں میں بھارت اور جاپان کے کلیدی افراد کے درمیان کاروبار اور تعلیمی شراکت داری کی خاطر ستائش کی پالیسی کو اپناکر اہم بنیادی ڈھانچے میں قریبی تعاون کی ضرورت کو بھی اجاگر کیا۔ دونوں ہی ملکوں نے عام مفادات کے سیکٹروں میں ہنر کے تبادلے اور مہارت کو بڑھانے میں سہولت پیدا کرنے کیلئے طریقے دریافت کئے۔ طرفین نے مرکوز شعبوں میں جامع اشتراک کو وسعت دیئے جانے کے ذریعے ٹھوس نتائج حاصل کرنے سے بھی اتفاق کیا۔ انہوں نے بھارت - جاپان خصوصی اسٹریٹیجک اور عالمی شراکت داری کی عصری اہمیت کو اجاگر کرنے کیلئے اس بات چیت اہم اور بروقت کارروائی سے تعبیر کیا ہے۔ x

## IIFT Last Day

بھارت کا 43 واں بین الاقوامی تجارتی میلہ آج نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں اختتام پذیر ہوا۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ اس سال کے تجارتی میلے میں بڑی تعداد میں اِسے دیکھنے والے اور نمائش کار آئے جہاں مختلف خطوں کی متعدد اشیاء کی نمائش کی گئی۔ 14 روزہ اِس تجارتی میلے میں چین، مصر، ایران، جنوبی کوریا، تھائی لینڈ اور متحدہ عرب امارات سمیت بھارت اور بیرون ممالک کے تین ہزار سے زیادہ نمائش کاروں نے شرکت کی۔ اترپردیش اور بہار اِس سال شراکت دار ریاستیں تھیں، جبکہ جھارکھنڈ توجہ والی ریاست تھی۔

میلے کے آخری دن کئی اشیاء پر بھاری چھوٹ دی گئی، جس کا لوگوں نے خوب فائدہ اٹھایا۔ IITF میں ثقافتی پروگرام بھی پیش کیے گئے اور ملک کے الگ الگ حصوں کے کھان پان کا بھی لوگوں نے خوب لطف لیا۔ x

## IFFI

بھارت کے 55ویں بین الاقوامی فلم فیسٹیول میں گوا کے Panjim میں کَلا اکیڈمی اُس وقت کھچاکھچ بھری رہی ، جب موسیقی کے مایہ ناز کمپوزر اے آر رحمٰن نے لتا منگیشکر میموریل ٹاک : میوزیکل تھیٹر اِن انڈیا میں شرکت

کی۔ آج ماسٹر کلاس سیشنز کا آخری دن تھا، جس میں چند فلمیں ہی دکھائی جانا باقی رہ گئی تھیں۔ اس فلم فیسٹیول میں فلم دکھائے جانے کا سلسلہ بھی ختم ہونے کو ہے۔

VC - 2100 - Durgesh

آج بھارت اور بیرونی ملکوں کی تقریباً 75 ملکوں کی نمائش کے دوران سینما کے شائقین کے مابین زبردست جوش و خروش دیکھا گیا۔ نو روزہ فلم فیسٹیول کا کل آخری دن ہے، جس میں جرمنی کی Dry Season فلم دکھائی جائے گی، جو اس میں دکھائی جانے والی آخری فلم ہوگی۔ شاندار کلوزنگ تقریب کل شام پانچ بجے شروع ہوگی، جس میں گولڈن Peacock جیسے باوقار ایوارڈس کے فاتحین کے ناموں کا اعلان کیا جائے گا۔

## J &K Police Crackdown

جموں و کشمیر میں جموں پولیس نے کُل ممنوعہ تنظیموں جیشِ محمد اور لشکر طیبہ سے وابستہ دہشت گرد نیٹ ورکس کو ختم کرنے کی بڑی کارروائی انجام دی ہے۔ پولیس نے جموں خطے کے راجوری، پونچھ، کشتواڑ اور اُودھم پور اضلاع کے مختلف علاقوں میں 56 مقامات پر چھاپے اور تلاشی کی کارروائی انجام دی۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ اِس بڑی کارروائی کے نتیجے میں متعدد مشتبہ افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔ اِس کارروائی میں بے حساب نقد رقم سمیت قابل اعتراضات مواد برآمد کیا گیا ہے۔ x

## India Israel Lebanon Ceasefire

بھارت نے اسرائیل اور لبنان کے درمیان جنگ بندی کا خیر مقدم کیا ہے۔ وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ بھارت نے ہمیشہ فوج کو پیچھے ہٹانے، صبر و تحمل سے کام لینے اور مذاکرات اور سفارتکاری کی راہ اختیار کرنے پر زور دیا ہے۔ اُس نے امید ظاہر کی کہ اس پیش رفت سے پورے خطے میں امن و استحکام قائم ہوگا۔ x

## Isreral- Ceasfire

اسرائیل اور حزب اللہ کے درمیان مہینوں تک جاری شدید تنازعے کے بعد، جس میں ہزاروں جانیں تلف ہوئیں، آج بھارتی وقت کے مطابق صبح ساڑھے سات بجے تاریخی جنگ بندی نافذ ہوگئی۔ دونوں فریقوں کے درمیان امریکہ کی ثالثی میں ایک معاہدہ عمل میں آیا، جس کے بعد 14 ماہ پرانی جنگ میں یہ اہم موڑ آیا ہے۔ جنگ بندی کے معاہدے کا نفاذ ستمبر کے آخر میں تنازعہ بڑھنے کے بعد بیروت پر اسرائیل کے شدید فضائی حملے کے بعد ہوا ہے، جس میں شہر کے مرکز میں غیرمعمولی حملہ بھی شامل ہے۔ x

## Bangladesh - HC

بنگلہ دیش میں آج ہائی کورٹ نے حکومت سے کہا ہے کہ وہ ہندو مذہبی تنظیم ISKCON اور اُس کی سرگرمیوں سے متعلق اپنے موقف اور اُس نے اِس سلسلے میں کیا اقدامات کئے ہیں، اس بارے میں عدالت کو مطلع

کرے۔

ہائی کورٹ نے ISKCON پر پابندی اور کسی ناخوشگوار واقعے کی روک تھام کی خاطر Chattogram اور رَنگ پور میں دفعہ 144 کے سلسلے میں ایک عذر داری پر سماعت کے بعد حکم جاری کیا تھا۔ x

## Chess

بھارت کے گرانڈ ماسٹر گوکیش نے سنگاپور میں عالمی شطرنج چیمپئن شپ میں چین کے اپنے حریف کھلاڑی کے خلاف تیسرا گیم جیت کر 14 میچ کی فائنل سیریز برابری پر ختم کی۔ اِس مقابلے کے پہلے گیم میں شکست کا سامنا کرنے کے بعد گوکیش نے دوسرے میچ میں برابری حاصل کرلی اور پھر تیسرے میچ میں انُہیں سیریز میں اپنی پہلی فتح اُس وقت حاصل ہوئی ، جب تیسرے مقابلے میں حریف کھلاڑی Liren کے کھیل کا وقت ختم ہوگیا۔ x

## Cricket - Bumrah

بھارتی گیندباز جسپریت بُمرا نے مردوں کے ٹسٹ گیندبازوں کی بین الاقوامی کرکٹ کونسل ICC درجہ بندی میں پہلا مقام حاصل کیا ہے۔ بُمرا نے جنوبی افریقہ کے Kagiso Rabada کو پیچھے چھوڑ دیا ہے۔ Perth میں آسٹریلیا کے خلاف پہلے ٹسٹ میچ میں کامیابی حاصل کرنے والی اُن کی کارکردگی نے انُہیں اعلیٰ درجہ حاصل کرنے میں مدد کی ہے۔ اِس میچ میں انہوں نے 8 وکٹ لئے تھے۔ x

## Syed Modi Tournament

بھارت کے سرکردہ بیڈمنٹن کھلاڑی پی وی سندھو اور لکشیہ سین لکھنؤ میں سید مودی بین الاقوامی بی ڈبلیو ایف سُپر 300 ٹورنامنٹ کے سنگلز کے دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئے ہیں۔ خواتین سنگلز کے پہلے راؤنڈ میں پی وی سندھو نے آج دوپہر 17 سالہ کھلاڑی Anmol Kharb کو 21-17 ، 21-15 سے ہرایا۔

مردوں کے سنگلز میں لکشیہ سین نے ملیشیا کے صالح عادل کو 21-12 ، 21-12 سے شکست دی۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆